[As INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

Bill

*to rationalize the distance and equity of toll plazas on national highways and motorways*

**Whereas**, it is expedient to rationalize the distance and equity of toll plazas on national highways and motorways, exempt local residents from toll charges, and establish provisions for the adjustment of toll rates on an annual basis; and matters connected there with or ancillary there to.

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short Title, Extent and Commencement.** - (1) This Act shall be called the Toll Plaza Rationalization and Equity Bill, 2025.

(2) It shall extend to whole of Pakistan

(3) It shall come into force at once.

**2. Definitions.**-In this Act, unless the context otherwise requires:

(a) **"toll plaza"** means a designated area on national highways or motorways where toll fees are collected from vehicles using the road;

(b) **"local Residents"** means the individuals who reside within a twenty-kilometer radius of any toll plaza on the national highways or motorways;

(c) **"national highways and motorways"** are roads that connect key regions of the country, designated by the government as such for inter-state and inter-regional connectivity;

(d) **"toll fee"** means the charge collected at toll plazas for the use of national highways or motorways; and

(e) **"distance between toll plazas"** refers to the physical distance between the entrance or exit of one toll plaza and the entrance or exit of the next toll plaza along the same route.

**3. Rationalization of toll plaza distances.**-(1) The Government shall, within a period of six months from the date of commencement of this Act, conduct a comprehensive study to assess the distribution of toll plazas along with the national highways and motorways.

(2) Based on the study findings, the Government shall rationalize the distance between toll plazas to ensure that:

(a) there is no undue financial burden on commuters, especially those traveling long distances.
(b) toll plazas are spaced in a manner that does not create a monopolistic or inequitable charging system.
(c) The distance between two consecutive toll plazas shall not be less than 50 Kilometers.

(3) Toll plazas shall be constructed or removed based on demand, traffic volume, and strategic connectivity requirements, ensuring maximum efficiency in the toll collection system.

**4. Exemption for local residents.-(1)** No toll fee shall be levied on vehicles owned by local residents within the specified twenty-kilometer radius from any toll plaza.

(2) Local residents must provide proof of residence within the specified area to be eligible for the exemption, such as:

(a) government issued identification (e.g., National Identity Card, passport, etc.)
(b) proof of property ownership or utility bills for the past six months.

(3) Local residents are required to register their vehicle at the relevant toll collection authorities to ensure exemption from toll fees.

**5. Annual adjustment of toll fees.**-(1) The toll fees on national highways and motorways may be increased once a year and such increase may not exceed 10%, subject to the following conditions:

(a) the increase shall be based on the prevailing inflation rate as determined by the Bureau of Statistics or an equivalent body.
(b) the increase shall be notified publicly by the relevant authorities at least sixty days before it comes into effect.
(c) the rationale for the increase, including any adjustments made to toll plaza infrastructure, road maintenance, or operational costs, must be made transparent to the public.

(2) toll fee adjustments must take into account factors such as:

(a) road maintenance and improvement costs.
(b) the financial health of the toll system.
(c) the overall economic conditions of the region or country.

(3) The increase shall not exceed ten percent year unless approved by a Parliamentary Committee specifically constituted for reviewing toll systems.

6. **Regulation and oversight.- (1)** The National Highway Authority shall oversee the implementation of the provisions of this Act.

(2) The National Highway Authority ensure compliance with the provisions regarding toll fee rationalization, local exemptions, and annual adjustments.

(3) The National Highway Authority shall be responsible for:

(a) conducting public consultations on toll rate changes.
(b) addressing complaints from local residents or commuters regarding toll fee fairness.
(c) monitoring the implementation of toll fee exemptions for local residents.

7. **Penalties and Enforcement.**-(1) Any individual or entity found to be collecting toll fees from local residents without proper registration or outside the prescribed exemption conditions will be subject to a fine of up to one hundred thousand rupees.

(2) Any toll plaza found to be charging an unauthorized toll or failing to comply with the rationalized toll distance regulations will be subject to a fine, suspension, or closure of operations as determined by the Toll Regulatory Authority.

(3) Enforcement officers appointed by the government will have the authority to monitor, inspect, and ensure compliance with the provisions of this Act.

8. **Review.**-(1) A Toll systems review committee shall be constituted within eighteen months of the commencement of this Act to assess the effectiveness of toll rationalization and to recommend any necessary amendments.

(2) The Committee will consist of government representatives, transport experts, and stakeholders from local communities.

9. **Power to make rules.-** The Federal Government may, by notification in the official gazette, make rules for the implementation of the provisions of this Act, including but not limited to:

(a) the procedure for registering local residents for toll exemptions.
(b) the detailed criteria for toll fee adjustments.
(c) the establishment of toll regulatory mechanisms.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The primary objectives of this Act are to address the concerns related to toll plazas being situated too close to each other, excessive toll fees, and unjustified toll fee increases.

First, the Act seeks to rationalize the distribution of toll plazas by ensuring that they are spaced equitably, with a minimum distance of 50 kilometers between consecutive toll plazas. This is aimed at alleviating the financial burden on commuters, particularly those traveling long distances, by eliminating instances of multiple toll plazas being placed too close together. Secondly, the Act aims to prevent the imposition of excessive toll fees, ensuring that charges are fair and justifiable. It establishes a framework for toll fees to be aligned with the actual costs of road maintenance, infrastructure development, and operational expenses, without exploiting travelers.

Furthermore, the Act controls annual toll fee increases, limiting them to a maximum of 10% per year. This provision is designed to prevent arbitrary or excessive hikes in toll fees, and it mandates that any toll fee increase must be accompanied by a clear explanation, taking into account factors like inflation, road improvement projects, and infrastructure maintenance costs. The goal is to maintain full transparency in the toll fee adjustment process. In addition, the Act ensures that local residents living within a 20-kilometer radius of any toll plaza are exempt from toll fees, recognizing the need to protect the financial interests of communities that are directly impacted by the tolling system.

Moreover, the Act establishes a toll regulatory authority to oversee and enforce the Provisions of the toll system, ensuring accountability and transparency in toll collection, addressing public grievances, and facilitating the fair implementation of toll fee adjustments. Ultimately, the Act aims to create a fairer and more transparent tolling system that enhances the efficiency of transportation while minimizing the burden on commuters.

**SD/-**
**SYED ABRAR ALI SHAH**
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کی صورت میں]

قومی شاہراہوں اور موٹرویز پر ٹول پلازوں کے فاصلے کو معقول اور مساوی بنانے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ قومی شاہراہوں اور موٹرویز پر ٹول پلازوں کے فاصلے کو معقول اور مساوی بنانے، مقامی رہائشیوں کو ٹول فیس سے استثنیٰ دینے، اور ٹول کے نرخوں میں سالانہ بنیادوں پر تبدیلی کرنے؛ نیز ان سے متعلقہ یا ضمنی امور سے متعلق احکام وضع کیے جائیں۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ:**

(۱) یہ ایکٹ ٹول پلازہ کی معقولیت و برابری بل، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ پورے پاکستان پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات:**

اس ایکٹ میں، جب تک کہ سیاق کسی اور چیز کا متقاضی نہ ہو:

(الف) ''ٹول پلازہ'' سے مراد قومی شاہراہوں یا موٹرویز پر مخصوص جگہ ہے جہاں سڑک استعمال کرنے والی گاڑیوں سے ٹول فیس وصول کی جاتی ہے؟

(ب) ''مقامی رہائشیوں'' سے مراد وہ افراد ہیں جو قومی شاہراہوں یا موٹرویز پر کسی بھی ٹول پلازہ کے بیس کلومیٹر کے دائرے میں رہائش پذیر ہوں:

(ج) ''قومی شاہراہیں اور موٹرویز'' سے مراد وہ سڑکیں ہیں جو ملک کے اہم علاقوں کو ملاتی ہیں اور جنہیں حکومت نے ریاستی اور علاقائی رابطے کے لیے مختص کیا ہو؛

(د) ''ٹول فیس'' سے مراد قومی شاہراہوں یا موٹرویز کے استعمال پر ٹول پلازوں پر وصول کی جانے والی فیس ہے؛ اور

(ہ) ''ٹول پلازوں کے درمیان فاصلہ'' سے مراد کسی ایک ٹول پلازہ کے داخلے یا اخراج اور اسی راستے پر اگلے ٹول پلازہ کے داخلے یا اخراج کے درمیان طبعی فاصلہ ہے۔

۳۔ **ٹول پلازوں کے فاصلے کی معقولیت:** (۱) حکومت، اس ایکٹ کے نفاذ کی تاریخ سے چھ ماہ کی مدت کے اندر قومی شاہراہوں اور موٹرویز پر ٹول پلازوں کی تقسیم کا تعین کرنے کے لیے تفصیلی جائزہ لے گی۔

(۲) تحقیق کے نتائج کی بنیاد پر حکومت ٹول پلازوں کے مابین فاصلے کو منطقی خطوط پر استوار کرے گی تاکہ حسب ذیل کو یقینی بنایا جائے:

(الف) مسافروں، خاص طور پر طویل فاصلوں تک سفر کرنے والوں پر کوئی غیر مناسب مالی بوجھ نہ پڑے۔

(ب) ٹول پلازوں کے مابین اس طریق کار سے گنجائش رکھی جائے کہ اجارہ داری پر مبنی یا غیر مساویانہ وصولی کا نظام تخلیق نہ پائے۔

(ج) یکے بعد دیگرے دو ٹول پلازوں کے درمیان فاصلہ ۵۰ کلومیٹر سے کم نہ ہو۔

(۳) ضرورت، ٹریفک کے بہاؤ، اور تذویراتی رابطے کے تقاضوں کی بنیاد پر ٹول پلازوں کو تعمیر یا انہیں ہٹایا جائے گا۔

۴۔ **مقامی افراد کے لیے استثناء:** (۱) کسی بھی ٹول پلازہ سے مخصوص کردہ بیس کلومیٹر کے نصف قطر کے اندر مقیم مقامی افراد کے زیر ملکیت گاڑیوں پر کوئی ٹول فیس عائد نہیں کی جائے گی۔

(۲) مقامی رہائشیوں کو استثناء کا اہل ہونے کے لیے مخصوص کردہ علاقے کے اندر رہائش کا ثبوت فراہم کرنا پڑے گا، جیسا کہ :

(الف) حکومت کی جانب سے جاری کردہ شناخت (مثلاً قومی شناختی کارڈ، پاسپورٹ، وغیرہ)

(ب) جائیداد کی ملکیت کا ثبوت یا گزشتہ چھ ماہ کے یوٹیلیٹی بل۔

(۳) ٹول فیس سے استثناء یقینی بنانے کے لیے ت مقامی رہائشیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ ٹول فیس کی وصولی کی متعلقہ اتھاریوں کے پاس اپنی گاڑی کا اندراج کرائیں۔

۵۔ **ٹول فیس کی سالانہ ایڈجسٹمنٹ۔** (۱) نیشنل ہائی ویز اور موٹر ویز پر ٹول فیس میں سال میں ایک بار اضافہ کیا جاسکتا ہے اور اس طرح کا اضافہ ۱۰ فیصد سے زیادہ نہیں ہوگا، جو کہ حسب ذیل سے مشروط ہوگا:

(الف) اضافہ، ادارہ برائے شماریات یا اس کے ہم پلہ ادارہ کی جانب سے طے کردہ افراط زر کی شرح پر مبنی ہوگا۔

(ب) اضافہ کے نافذ العمل ہونے سے کم از کم ساٹھ دن پہلے متعلقہ حکام کی جانب سے عوامی سطح پر اس کی تشہیر کی جائے گی۔

(ج) اضافہ کا جواز بشمول ٹول پلازہ کے بنیادی ڈھانچے، سڑکوں کی مرمت، یا آپریشنل اخراجات کے ضمن میں کسی بھی ایڈجسٹمنٹ کو عوام کے لیے شفاف بنایا جائے گا۔

(۲) ٹول فیس ایڈجسٹمنٹ کے حوالے سے حسب ذیل عوامل کو مد نظر رکھا جائے گا، جیسا کہ:

(الف) سڑک کی مرمت اور بہتری کے اخراجات۔

(ب) ٹول سسٹم کی مالی حالت۔

(ج) خطے یا ملک کے مجموعی معاشی حالات۔

(۳) اضافہ دس فیصد سالانہ سے زیادہ نہیں ہوگا جب تک کہ ٹول سسٹم کا جائزہ لینے کے لیے خصوصی طور پر تشکیل دی گئی پارلیمانی کمیٹی اس کی منظوری نہ دے دے۔

۶۔ **انضباط و نگرانی:** (۱) نیشنل ہائی وے اتھارٹی ایکٹ ہذا کی تصریحات پر عملدرآمد کی نگرانی کرے گی۔

(۲) نیشنل ہائی وے اتھارٹی ٹول فیس کو منطقی بنانے، مقامی استثنیات اور سالانہ رد و بدل سے متعلق تصریحات کی تعمیل کو یقینی بناتی ہے۔

(۳) نیشنل ہائی وے اتھارٹی حسب ذیل کی ذمہ دار ہوگی۔

(الف) ٹول کی شرح میں تبدیلیوں پر عوامی مشاورت کا انعقاد کرنا؛

(ب) منصفانہ ٹول فیس سے متعلق مقامی باشندوں یا مسافروں سے موصولہ شکایات کا ازالہ کرنا؛ نیز

(ج) مقامی باشندوں کے لئے ٹول فیس کی استثنیات پر عملدرآمد کی نگرانی کرنا۔

۷۔ **جرمانے اور قانون کا نفاذ:** (۱) کوئی فرد یا ادارہ کے مقامی باشندوں سے مناسب رجسٹریشن کے بغیر یا مقرر استثنٰی کی شرائط سے باہر ٹول فیس وصول کئے جانے پر ایک لاکھ روپے تک کے جرمانہ کا مستوجب ہوگا۔

(۲) کسی ٹول پلازہ کی جانب سے غیر مجاز ٹول وصول کئے جانے یا معقول بنائے گئے ٹول فاصلہ کے ضوابط کی تعمیل کرنے میں ناکامی پر جرمانہ، معطلی یا آپریشنز بند کر دیا جائے گا جیسا کہ ٹول انضباطی اتھارٹی کی جانب سے تعین کیا جائے۔

(۳) حکومت کی جانب سے تقرر کردہ انفورسمنٹ آفیسرز کے پاس نگرانی، معائنہ کرنے اور ایکٹ ہذا کی تصریحات کی تعمیل کو یقینی بنانے کی اتھارٹی ہوگی۔

۸۔ **نظر ثانی** : (۱) ایکٹ ہذا کے آغاز نفاذ کے اٹھارہ مہینوں کے اندر نظر ثانی کمیٹی برائے ٹول نظام تشکیل دی جائے گی تاکہ ٹول کو منطقی بنانے اور کسی ضروری ترامیم کی سفارش کرنے کی موثر پذیری کا جائزہ لیا جاسکے۔

(۲) کمیٹی حکومتی نمائندوں، ٹرانسپورٹ کے ماہرین اور مقامی کمیونٹیز سے متعلقین پر مشتمل ہوگی۔

۹۔ **قواعد وضع کرنے کا اختیار:** وفاقی حکومت ایکٹ ہذا کی تصریحات پر عملدرآمد کے لئے سرکاری جریدہ میں اعلان کے ذریعے قواعد وضع کرسکتی ہے جس میں حسب ذیل شامل ہونگے لیکن ان تک محدود نہیں ہوگے؛

(الف) ٹول استثنیات کے لئے مقامی باشندوں کی رجسٹریشن کا طریق کار؛

(ب) ٹول فیس میں ردوبدل کے لئے مفصل معیار؛ نیز

(ج) ٹول انضباطی طریق ہائے کار وضع کرنا۔

## بیان اغراض ووجوہ

ایکٹ ہذا کے بنیادی اغراض ایک دوسرے سے بہت قریب واقع ٹول پلازوں سے متعلق تشویش کو دور کرنا ہے جس میں بہت زیادہ ٹول فیس اور غیر منصفانہ ٹول فیس میں اضافے شامل ہیں۔

سب سے پہلے ایکٹ کا مقصد ترتیب سے ٹول پلازوں کے درمیان کم سے کم ۵۰ کلو میٹر کے فاصلے کے ساتھ مساویانہ فاصلہ رکھنے کو یقینی بنانے کے ذریعے ٹول پلازوں کی تقسیم کو معقول بنانا ہے۔ جوکہ مسافروں پر مالی بوجھ خاص طور پر وہ جو لمبا سفر کرتے ہیں کی صورت میں جس کو بہت زیادہ قریب واقع کئی ٹول پلازوں کو ختم کر کے کم کیا جانا ہے۔ دوسرے درجے میں ایکٹ کا مقصد حد سے زیادہ ٹول فیس کے نفاذ کو روکنا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ چارجز جائز اور منصفانہ ہوں۔ یہ ٹول فیسز کے لیے ایک فریم ورک تشکیل کرتا ہے تاکہ مسافروں کا استحصال کیے بغیر روڈ کی دیکھ بھال، انفراسٹرکچر کی ترقی اور آپریشنل اخراجات کی حقیقی لاگتوں کو ہم آہنگ کرنا ہے۔

مزید برآں، ایکٹ سالانہ ٹول فیس میں اضافے پر کنڑول کرتا ہے۔ اور زیادہ سے زیادہ ۱۰ فیصد سالانہ تک محدود کرتا ہے۔ یہ دفعہ ٹول فیسز میں من مانی یا بے پناہ اضافے کو روکنے کے لیے ڈیزائن کی گئی ہے اور یہ اختیار دیتا ہے کہ کوئی ٹول فیس اضافہ ایک واضح وضاحت کے ذریعے کیا جائے جس میں مختلف عوامل جیسا کہ مہنگائی، روڈ بحالی منصوبے اور انفراسٹرکچر دیکھ بھال کی لاگتوں کو مدنظر رکھا جائے اس کا مقصد ٹول فیس ایڈجسٹمنٹ کے عمل میں مکمل شفافیت کو برقرار کرنا ہے۔ مزید برآں، ایکٹ اس کو یقینی بناتا ہے کہ کسی ٹول پلازہ کے ۲۰ کلو میٹر کے دائرے میں رہائش پذیر مقامی افراد کو ٹول فیس سے استثنیٰ دینا ہے جس میں ٹول سسٹم کے ذریعے براہ راست متاثر ہونے والے طبقوں کے مالی مفادات کو تحفظ کی ضرورت کو تسلیم کرنا ہے۔

مزید برآں، ایکٹ ٹول سسٹم کی دفعات کو نافذ کرنا اور نگرانی کے لیے ایک ٹول ریگولیٹری اتھارٹی کی تشکیل کرتا ہے جو ٹول اکٹھا کرنے میں شفافیت اور احتساب کو یقینی بناتا ہے، عوامی مشکلات کو دور کرتا ہے اور ٹول فیس ایڈجسٹمنٹ پر منصفانہ عمل درآمد میں سہولت فراہم کرتا ہے جس کے نتیجے میں ایکٹ ایک زیادہ منصفانہ اور مزید شفاف ٹول سسٹم تخلیق کرتا ہے جو مسافروں پر بوجھ کو کم سے کم کرتے ہوئے ٹرانسپورٹیشن کی کارکردگی میں اضافہ کرتا ہے۔

دستخط/-
سید ابرار علی شاہ
رکن قومی اسمبلی